سوال

اگر کوئی شخص بھول کر حلق کروائے بغیر عمرہ کا احرام کھول دے تو اسے کیا کرنا ہوگا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عمرہ میں درج ذیل چار کام سرانجام دیے جاتے ہیں :

1. احرام (حج یا عمرہ میں داخل ہونے کی نیت کو احرام کہا جاتا ہے)
2. بیت اللہ کا طواف
3. صفا اور مروہ کی سعی
4. سر کے بال منڈوانا یا چھوٹے کروانا

بال منڈوانا یا چھوٹے کروانا عمرہ کے واجبات میں سے ہے۔ اگر کوئی شخص بھول کر حلق یا بال چھوٹے کروائے بغیر احرام کھول دے اور کپڑے پہن لے اس پر لازم ہے کہ وہ فورا کپڑے اتار کر احرام کی چادریں پہنے اور حلق یا بال چھوٹے کروائے، اس طرح اس کا عمرہ مکمل ہوجائے گا، اس پر کوئی فدیہ وغیرہ نہیں ہے۔

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ عَنْ أُمَّتِي الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ وَمَا اسْتُكْرِهُوا عَلَيْهِ. سنن ابن ماجہ، الطلاق : 2045)(صحیح).

بلاشبہ اللہ تعالی نے میری امت سے غلطی، بھول اور مجبوری کو رکھ دیا ہے (یعنی اس پر مؤاخذہ نہیں ہوگا)۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ